بانی غلام احمد خاں آرزو مرحوم

روزنامہ

HINDUSTAN

ہندوستان

ممبئی

MUMBAI - 8

Tuesday, October 02, 2018

سوچھتا ہی سیوا، طلباء نے صفائی بیداری کے لئے باندرہ میں جلوس نکالا

ممبئی (شیخ طالب علی) باندرہ مغرب میں آج صبح بروز پیر کو اسکولی طلباء نے عوام میں صفائی کے متعلق بیداری پیدا کرنے کے لئے ایک جلوس نکالا۔ اس جلوس کی قیادت عوام ویلفیر ایسوسی ایشن کے کورڈینیٹر الناصر زکریا اور ان کے ساتھی کر رہے تھے۔ جلوس میں باندرہ ایچ ویسٹ وارڈ کے آفیسر گریس مورے، رضوی کالج بی۔ایڈ۔ کے پرنسپل گیان پرکاش آریہ، عوامی اردو اسکول پرنسپل رخشاں شیخ، اسکول کے اساتذہ کے ساتھ بڑی تعداد میں عوامی اردو اسکول و جونیئر کالج کے طلباء شامل تھے۔ اسکے علاوہ رضوی کالج بی۔ایڈ۔ اور رضوی کالج ماس میڈیا کے طلباء بھاری تعداد میں شریک تھے۔ جلوس کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا، جو باندرہ کے مختلف حصوں میں جلوس کی شکل میں نکالا گیا ا۔ طلباء نے بینر اور ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔ جس پر گاندھی جی کی تصویر بنی تھی اور سوچھتا ہی سیوا، صفائی نصف ایمان ہے، اور مختلف طرح کی کئی عبارتیں صفائی کے متعلق لکھی تھی۔ ہم سب کا ایک ہی نعرہ، صاف ستھرا دیس ہمارا، اور ہم سب ساتھ ہو، شہر ہمارا صاف ہو جیسے نعرے طلباء بڑے جوش وخروش سے لگا رہے تھے۔ یہ جلوس باندرہ عوامی اردو اسکول سے ہوتے ہوئے جامع مسجد، بازار روڈ، جین مندر، لکی ہوٹل، شاستری نگر اور باندرہ ایس۔وی۔روڈ سے ہوتے ہوئے باندرہ عوامی اسکول میں ختم ہوا۔ بچوں میں صفائی کی بیداری پیدا کرنے کے لئے اسکول میں ہی ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا

تھا۔ باندرہ مغرب کے ایچ ویسٹ وارڈ کے آفیسر گریس مورے نے بچوں کو بتایا کہ صفائی کی شروعات اپنے گھر اور محلے سے کرنا چاہیے ہمارے اطراف اکثر گڑھوں میں پانی بھارہتا ہے جس سے اس پانی میں ڈینگو ملیریا اور دوسری بیماریوں کے مچھر پیدا ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے بیماری کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اس لیئے ہمیں چاہیے کے ہم اپنے گھر اور محلے میں اس طرح کے گڑھوں میں پانی جمع نا ہونے دے، اور صفائی کا مکمل خیال رکھے۔ الناصر زکریا نے بچوں سے کہا کہ، صفائی نصف ایمان ہے، اس لیئے ہمیں چاہیے کے ہم اپنے گھر اور محلے کی صفائی کا خیال رکھیں اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کرے، ہمیں صفائی صرف گھر اور محلے کی ہی نہیں کرنا ہے، بلکہ اپنے کردار اور عمل کی بھی صفائی ضروری ہے ہمیں ہر غلط کام سے بچنا چاہیے اور اسلام کے بتائے ہوئے صحیح راستے پر چلنا چاہیے، طلباء ہی ملک کے مستقبل اور دیس کے اصلی ہیرو ہیں۔ اس پروگرام کے مہمان خصوصی اور صدر محمود ملکے وار نے طلباء کی حوصلے افزائی کے لئے شرکت کی، وہ، عوام، این۔جی۔او۔ کے ممبر ہیں۔ عوامی اردو اسکول و کالج کے فلاحی کاموں میں، عوام، این۔جی۔او۔ اہم رول نبھاتا ہے۔ جس کے بانی سید عبدالمنان صاحب تھے، اس وقت موجودہ جوائنٹ سیکریٹری شعیب جھگانہ والا ہیں اور روبینہ جھگانہ والا ممبر ہیں۔ عوام، این۔جی۔ قوم اور عوام کی فلاح کے لئے اکثر بڑے اور نمایاں کام انجام دیتی ہے۔